## سوال

(775) حاملہ کو طلاق دینے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بیوی اگر حاملہ ہو تو کیا اسے طلاق دینا جائز ہے

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حالت حمل میں بیوی کو طلاق دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا، جبکہ انہوں نے اپنی بیوی کو ایام حیض میں طلاق دے دی تھی: ''اس کی طرف رجوع کرو، پھر روکے رکھو، حتیٰ کہ پاک ہو، پھر حیض آئے، پھر پاک ہو، پھر اگر چاہو تو مساس سے پہلے طہر کے ایام میں طلاق دو، یا وہ حمل سے ہو۔'' (صحیح بخاری، کتاب التفسیر، سورۃ الطلاق، حدیث: 4908 و صحیح مسلم، کتاب الطلاق، باب تحریم طلاق الحائض، حدیث: 1471۔)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

### صفحہ نمبر 556

### محدث فتویٰ